آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

روزنامہ
Daily SHAL
شال
کوئٹہ
www.dailyshal.com
MEMBER OF APNS & CPNE

جلد نمبر 33 | بروز منگل 05 اکتوبر 2021ء بمطابق 27 صفر المظفر 1443ھ | شمارہ نمبر 251

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:00
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:45

اہل تشیع

فجر صبح	04:45
ظہرین	01:00
مغربین	7:45

بلوچستان میں سیاسی بحران کے ذمہ دار حکمران خود ہیں، سردار اختر مینگل

حکمرانوں نے اپوزیشن کو دیوار سے لگا کر ان پر بکتر بند گاڑیاں چڑھائی، منتخب ارکان کی بجائے غیر منتخب جو کونسلری نہیں جیت سکتے کو فنڈز سے نوازتے رہے

جام کمال کے خلاف تحریک عدم اعتماد اپوزیشن جماعتوں کا معاملہ ہے پی ڈی ایم اس میں شامل نہیں ہے پنڈورا پیپرز میں صرف حکمران نہیں بلکہ اصل حکمرانوں کے بھی نام شامل ہیں

گھر کو گھر کے چراغ سے ہی آگ لگتی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان کے خلاف تحریک عدم اعتماد میں دھکا دینے کا موقع ملا تو دھکا دیں گے، سربراہ بلوچستان نیشنل پارٹی

حب / کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ و رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ بلوچستان میں سیاسی بحران کے ذمہ دار حکمران خود ہیں گھر کو گھر کے چراغ سے ہی آگ لگتی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان کے خلاف تحریک عدم اعتماد میں دھکا دینے کا موقع ملا تو دھکا دیں گے، حکمرانوں نے اپوزیشن کو دیوار سے لگا کر ان پر بکتر بند گاڑیاں چڑھائی، منتخب ارکان کی بجائے غیر منتخب جو کونسلری نہیں جیت سکتے کو فنڈز سے نوازتے رہے، جام کمال کے خلاف تحریک عدم اعتماد اپوزیشن جماعتوں کا معاملہ ہے پی ڈی ایم اس میں شامل نہیں ہے پنڈورا پیپرز میں صرف حکمران نہیں بلکہ اصل

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیر اعظم عمران خان تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ہمیں معلوم ہے مہنگائی کی وجہ سے لوگ تکلیف میں ہیں، وزیر اعظم

حکومت اپنی پوری کوشش کر رہی ہے ہمارے نچلے طبقے کو ایسے وقت تکلیف نہ ہو جب اشیا مہنگی ہیں، قرضوں اور مختلف مالی خساروں کے باوجود ہم نے اپنی طرف سے کم سے کم اثرات نچلے طبقے پر منتقل کیے ہیں

پیٹرول پر سیلز ٹیکس اور لیوی نیچے لے آئے ہیں، بھارت میں اس وقت پیٹرول اور ڈیزل کی قیمت پاکستان سے دگنی ہے، شفقت محمود کو یکساں نصاب تعلیم متعارف کرانے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اس پر بھی کتنے اعتراض اٹھ رہے ہیں

ایسے لوگوں کو شرم آنی چاہیے، ہمارا نظام اشرافیہ کے لیے ہے، قرضے امیروں کے لیے، گھر امیر بناتے ہیں، تعلیم امیروں کے لیے انصاف کا نظام پیسے والوں کے لیے غریب کو انصاف ہی نہیں مل سکتا، عمران خان کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ہمیں معلوم ہے مہنگائی کی وجہ سے لوگ تکلیف میں ہیں، حکومت اپنی پوری کوشش کر رہی ہے ہمارے نچلے طبقے کو ایسے وقت تکلیف نہ ہو جب اشیا مہنگی ہیں، قرضوں اور مختلف مالی خساروں کے باوجود ہم نے اپنی طرف سے کم سے کم اثرات نچلے طبقے پر منتقل کیے ہیں، پیٹرول پر سیلز ٹیکس اور لیوی نیچے لے آئے ہیں، بھارت میں اس وقت پیٹرول اور ڈیزل کی قیمت پاکستان سے دگنی ہے، شفقت محمود کو یکساں نصاب تعلیم متعارف کرانے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اس پر بھی کتنے اعتراض اٹھ رہے ہیں، ایسے لوگوں کو شرم آنی چاہیے، ہمارا نظام اشرافیہ کے لیے ہے، قرضے امیروں کے لیے، گھر امیر بناتے ہیں، تعلیم امیروں کے لیے انصاف کا نظام پیسے والوں کے لیے غریب کو انصاف ہی نہیں مل

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

سازگار کاروباری ماحول فراہم کرنے کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں، عارف علوی

پاکستان کی کاروبار میں آسانی کی عالمی درجہ بندی میں 136 سے 108 ویں پوزیشن کی بہتری آئی، ڈاکٹر عارف علوی

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ ملک میں سرمایہ کاروں کو راغب کرنے کیلئے سازگار کاروباری ماحول فراہم کرنے کے اقدامات کیے جا رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار صدر عارف علوی نے کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان پی ٹی آئی کے پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند سے ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

وزیر اعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند کی ملاقات، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند سے ملاقات

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

ڈیرہ مراد جمالی کے قریب غیرت کے نام پر شوہر نے کلہاڑیوں کے وار کر کے اپنی بیوی سمیت دو افراد کو قتل کر دیا

تمبو (آن لائن) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب غیرت کے نام پر شوہر نے کلہاڑیوں کے وار کر کے اپنی بیوی

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

وڈھ نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سوار افراد کی فائرنگ سے قبائلی رہنما ڈاکٹر شیر محمد مینگل جاں بحق

وڈھ (این این آئی) وڈھ نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سوار افراد کی فائرنگ سے قبائلی رہنما ڈاکٹر شیر محمد مینگل

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ہانگلیل میں گیس سلنڈر پھٹنے سے دوکان میں آگ لگ جانے سے دوکان کا سامان جل کر خاکستر ہو گیا

ہانگلیل (این این آئی) ہانگلیل میں گیس سلنڈر پھٹنے سے دوکان میں آگ لگ جانے سے دوکان کا

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

پاکستان بجلی کے ٹرانسمشن کے منصوبوں پر ترجیحی بنیادوں پر کام کر رہا ہے، محمد حماد اظہر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی محمد حماد اظہر نے کہا ہے کہ پاکستان بجلی کے ٹرانسمشن کے

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی کے عامر لیاقت حسین نے قومی اسمبلی کی نشست سے استعفیٰ دے دیا

کراچی (این این آئی) کراچی سے پاکستان تحریک انصاف کے انتخابی ٹکٹ پر منتخب ہونے والے

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

اپنا ہو یا پرایا، جس کا بھی نام پنڈورا لیکس میں آیا ہے، تحقیقات کروائیں گے، فرخ حبیب

وزیر مملکت اطلاعات و نشریات فرخ حبیب نے کہا ہے کہ اپنا ہو یا پرایا جس کا بھی نام پنڈورا لیکس میں

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

پنڈورا پیپرز میں وزیر اعظم کے قریبی لوگوں کے نام آنا ہمارے لئے کوئی تعجب کی بات نہیں، شیری رحمن

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ پنڈورا پیپرز میں

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

قائمہ کمیٹی اطلاعات نے نجی ٹی وی چینل کی طرف سے پبلک میسجز نہ چلانے پر پی بی اے کو طلب کر لیا

مساجد سے بجلی بلوں پر 35 روپے فیس سے حوت القرآن پروگرام چلاتے ہیں مساجد کے ساتھ حجروں میں ٹی وی ہوتا ہے، فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی اطلاعات و نشریات نے نجی ٹی وی چینل کی طرف سے قانون کے مطابق دس فیصد پبلک میسجز (عوامی آگاہی کے اشتہار) نہ چلانے پر متعلقہ اسے رپورٹ طلب کرتے ہوئے نجی ٹی وی چینل کی ایسوی ایشن پی بی اے کو طلب

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

چھاتی کے کینسر میں مبتلا 50 فیصد خواتین جان سے ہاتھ دھو بیٹھتی ہیں، صدر مملکت

خواتین کو ہر مہینہ ایک مرتبہ از خود معائنہ کرنے کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے، ڈاکٹر عارف علوی نے آگاہی مہم کے حوالے سے خطوط ارسال کر دیے

کراچی (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ جلد تشخیص نہ ہونے کی وجہ سے چھاتی کے کینسر میں مبتلا 50 فیصد خواتین جان سے ہاتھ دھو بیٹھتی ہیں۔ صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے میڈیا کو بریسٹ کینسر کی آگاہی مہم کے حوالے سے خطوط ارسال

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

پاکستان میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے والے 10 ایرانی شہریوں کے غیر قانونی شناختی کارڈ بنانے کا انکشاف ہوا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے والے 10 ایرانی شہریوں کے غیر قانونی شناختی کارڈ بنانے کا انکشاف ہوا ہے۔ ترجمان نادرا کے مطابق پاکستان میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے والے 10 ایرانی شہریوں کے غیر قانونی شناختی کارڈ بنانے کا انکشاف ہوا ہے ان لوگوں نے غیر قانونی طریقے سے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

لسبیلہ: بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ و رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل پریس کانفرنس کر رہے ہیں

تعلیمی اداروں میں طلباء و طالبات کی ذہنی اور جسمانی نشوونما کیلئے ہم نصابی سرگرمیوں کی اشد ضرورت ہے، گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں طلباء و طالبات کی ذہنی اور جسمانی نشوونما کیلئے ہم نصابی سرگرمیوں کی اشد ضرورت ہے لہٰذا ضروری ہے کہ ہم تعلیمی اداروں میں تعلیم کے ساتھ کھیل و کود کے مواقع بھی فراہم کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوموار کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

نظام حکومت کے حوالے سے ہمارا ماڈل ریاست مدینہ ہے، عمران خان

وزیر اعظم سے برطانیہ کے ممبران پارلیمنٹ کی ملاقات، وفد کا اسلاموفوبیا پر آواز بلند کرنے پر عمران خان کو خراج تحسین

حکومت ملک میں انصاف و قانون کی بالادستی مکمل طور پر قائم کرنے کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ نظام حکومت کے حوالے سے ہمارا ماڈل ریاست مدینہ ہے، فلاحی ریاست اور قانون کی بالادستی ریاست مدینہ کے سنہری اصول تھے، حکومت ملک میں انصاف و قانون کی بالادستی مکمل طور پر قائم کرنے کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے۔ پیر کو جاری اعلامیہ کے مطابق وزیر اعظم عمران خان سے برطانیہ کے ممبران پارلیمنٹ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں لارڈ واجد خان، ناز شاہ اور محمد یاسین شامل تھے۔ وفد نے وزیر اعظم کو اسلام و

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

اداروں کی بقا میرٹ کو برقرار رکھنے کو یقینی بنانے سے وابستہ ہے، گورنر بلوچستان

کامیاب اور کامران زندگی بسر کرنے کیلئے ڈسپلن کو برقرار رکھنا لازمی ہے کیونکہ زندگی کے نشیب و فراز میں نظم و ضبط سے ہی مطلوبہ نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں

ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ اُستاد کسی بھی قوم کا محسن ہے اور اساتذہ علم و شعور کی روشنی بکھرنے میں روشنی کے سفیر کا کردار ادا کرتے ہیں، سید ظہور احمد آغا

کوئٹہ (ح ن) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے کہا ہے کہ پانچ اکتوبر کو عالمی یوم اساتذہ کا مقصد معاشرے میں اساتذہ کے کردار و وقار کو اجاگر کرنا ہے۔ یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ اُستاد کسی بھی قوم کا محسن ہے اور اساتذہ علم و شعور کی روشنی بکھرنے میں روشنی کے سفیر کا کردار ادا کرتے ہیں، اسی لیے دنیا کے ہر معاشرے میں اُستاد کو ایک نہایت قابل احترام مقام حاصل ہے۔ اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت تعلیم یافتہ بلوچستان کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ اس ضمن میں ہمارے اساتذہ کا کردار اور رہنمائی مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس، مزید 27 افراد چل بسے، 1760 نئے کیسز رپورٹ ہوئے

ملک کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں 32 ویں نمبر پر آ گیا

اسلام آباد (این این آئی) ملک کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں 32 ویں نمبر پر آ گیا، مزید 27 افراد چل بسے، 1760 نئے کیسز رپورٹ ہوئے۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں گزشتہ 24

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

بلوچستان کا مسئلہ طاقت کے ذریعے حل نہیں کیا جا سکتا، نواب اسلم رئیسانی

بدقسمتی سے پاکستان کے آئین میں انسانی حقوق واضح تحریر ہے، کابینہ میں انتشار کے اثرات سے عوام متاثر ہو رہے ہیں عوامی کام ٹھپ ہو کر رہ گئے ہیں

تربت پنجگور اور خضدار سمیت دیگر علاقوں میں بدامنی کے واقعات قابل افسوس ہے بلوچستان میں انسانی حقوق کی خلاف ورزی جاری ہے، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم رئیسانی نے کہا ہے کہ تربت پنجگور اور خضدار سمیت دیگر علاقوں میں بدامنی کے واقعات قابل افسوس ہے بلوچستان میں انسانی حقوق کی خلاف ورزی جاری ہے بدقسمتی سے پاکستان کے آئین میں انسانی حقوق واضح تحریر ہے، کابینہ میں انتشار کے اثرات سے عوام متاثر ہو رہے ہیں عوامی کام ٹھپ ہو کر رہ گئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز آن لائن سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ نواب محمد اسلم رئیسانی نے کہا کہ تربت پنجگور اور خضدار سمیت دیگر علاقوں میں بدامنی کے واقعات قابل افسوس ہے بلوچستان میں انسانی حقوق کی خلاف ورزی جاری ہے بدقسمتی سے پاکستان کے آئین میں انسانی حقوق واضح تحریر ہے وقت اور حالات کا تقاضا ہے کہ انسانی حقوق کی پاسداری کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا مسئلہ طاقت کے ذریعے حل نہیں کیا جا سکتا اس کیلئے ڈائیلاگ اپنایا جائے انہوں نے کہا کہ بدامنی کے حالیہ واقعات کی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

لوگوں کو خواتین کے حقوق بارے تعلیم دینے کیلئے آگاہی مہم کی ضرورت ہے، سینیٹر ثمینہ ممتاز

ویمن پراپرٹی رائٹس ایکٹ 2020ء کے تحت کوئی بھی عورت جائیداد کی ملکیت کے حوالے سے محتسب کو اپیل دائر کر سکتی ہے، بیان

کوئٹہ (این این آئی) سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا ہے کہ لوگوں کو خواتین کے حقوق بارے تعلیم دینے کے لیے آگاہی مہم کی ضرورت ہے، جامع اور مساوات پر مبنی معاشرے کی تشکیل کیلئے اسلامی تعلیمات کے مطابق خواتین کے متعلقہ حقوق کے تحفظ کیلئے اقدامات اور لوگوں کو خواتین کے حقوق بارے تعلیم دینے کے لیے آگاہی مہم کی ضرورت ہے۔ پیر کو جاری ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ خواتین پاکستان کی نصف آبادی ہیں جنہیں کسی صورت نظرانداز نہیں کیا جا سکتا، معاشرے کی ترقی میں خواتین کا اہم کردار ہے اور کوئی بھی معاشرہ خواتین کی شرکت کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا اور ان کے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

اپوزیشن جماعتوں نے ہمیشہ افراتفری کی سیاست کی ہے، ضیاء لانگو

ہم سب کا فرض ہے کہ اتفاق کی قوت سے پاکستان، بلوچستان کو آگے لے کر جائیں

بلوچستان کی مٹی ہم سب سے اتحاد، یگانگت اور بھائی چارے کا تقاضا کرتی ہے، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (ح ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو سے آج وزیر داخلہ آفس میں رکن پنجاب اسمبلی سردار غضنفر علی لنگاہ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، سیاسی صورتحال اور بین الصوبائی ہم آہنگی کے فروغ پر بات چیت کی گئی۔ رکن پنجاب اسمبلی نے وزیر اعلیٰ جام کمال کے ہر ضلع کی یکساں ترقی کے ویژن کو سراہا۔ وزیر داخلہ میر ضیاء نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی مٹی ہم سب سے اتحاد، یگانگت اور بھائی چارے کا تقاضا کرتی ہے۔ ہم سب کا فرض ہے کہ اتفاق کی قوت سے پاکستان، بلوچستان کو آگے لے کر جائیں۔ بدقسمتی سے اپوزیشن جماعتوں نے ہمیشہ افراتفری کی سیاست کی۔ جماعتیں صرف ذاتی مفادات کا تحفظ چاہتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان لوگوں کو سمجھ لینا چاہیے کہ بلوچستان کے مفادات سب سے زیادہ مقدم ہیں۔ یہ لوگ ترقی کے سفر کو روکنے کے لئے منفی سیاست کا پرچار کر رہے ہیں۔ بلوچستان کے سامنے ذاتی مفادات کوئی حیثیت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

ژوب شیرانی کے میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس ٹیم 1122 کے اہلکاروں کی کارکردگی قابل ستائش

ژوب (این این آئی) این 50 قومی شاہراہوں پر حادثات کا شکار ہونے والے زخمی افراد کو بروقت ریسکیو کرنے اور علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنے میں ژوب شیرانی کے میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس ٹیم 1122 کے اہلکاروں کی کارکردگی قابل ستائش ہیں۔ 1122 سٹاف 24 گھنٹے شاہراہوں پر الرٹ ہوتے ہیں اور

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

ژوب شیرانی کے میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس ٹیم 1122 کے اہلکاروں کی کارکردگی قابل ستائش

ژوب (این این آئی) این 50 قومی شاہراہوں پر حادثات کا شکار ہونے والے زخمی افراد کو بروقت ریسکیو کرنے اور علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنے میں ژوب شیرانی کے میڈیکل ایمرجنسی ریسپانس ٹیم 1122 کے اہلکاروں کی کارکردگی قابل ستائش ہیں۔ 1122 سٹاف 24 گھنٹے شاہراہوں پر الرٹ ہوتے ہیں اور

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

کشمیر کی آزادی کے بغیر بھارت سے کشیدگی ختم نہیں ہو سکتی، سراج الحق

وزیر اعظم نے کشمیر پر نئے آپشن کی بات کی، بنیادی طور پر انہوں نے پرویز مشرف والی گردان دہرائی، امریکہ اور بھارت کی بھی یہی خواہش ہے

ہمارے حکمرانوں کی اس طرح کی باتوں سے کشمیر کاز کو بے پناہ نقصان پہنچا، کشمیر کی آزادی کے لیے گیلانی جیسے حریت رہنما کو قربان کرنا ہو گا، امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا کہ کشمیر کی آزادی کے بغیر بھارت سے کشیدگی ختم نہیں ہو سکتی، خطے میں امن کے لیے ضروری ہے کہ مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل ہو، سارے دریا کشمیر سے آتے ہیں، کشمیریوں کی جدوجہد ختم ہوئی تو پاکستان کو پانی کا قطرہ بھی نہیں ملے گا، وزیر اعظم نے کشمیر پر نئے آپشن کی بات کی، بنیادی طور پر انہوں نے پرویز مشرف والی گردان دہرائی، امریکہ اور بھارت کی بھی یہی خواہش ہے، ہمارے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

دھاندلی زدہ حکومت کی انتخابی اصلاحات قبول نہیں، مولانا فضل الرحمان

عمران خان کی ناجائز حکومت کسی صورت تسلیم نہیں، الیکٹرانک ووٹنگ مشین الیکشن کمیشن مسترد کر چکا ہے، ہمیں بھی قبول نہیں

پاکستان سے اچھا تو افغانستان ہے، معلوم ہے کس کی حکومت ہے، پاکستان میں حکومت بارے کسی کو نہیں پتہ، سربراہ جمعیت علماء اسلام

پشاور (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ دھاندلی زدہ حکومت کی انتخابی اصلاحات قبول نہیں، عمران خان کی ناجائز حکومت کسی صورت تسلیم نہیں، الیکٹرانک ووٹنگ مشین الیکشن کمیشن مسترد کر چکا ہے، ہمیں بھی قبول نہیں۔ پشاور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ عمران خان کی ناجائز حکومت کسی صورت تسلیم نہیں، قومی ادارے عمران خان حکومت کی پشت پناہی کر کے اپنا تشخص خراب کر رہی ہیں، قومی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے صوبائی وزیر انجینئر زمرک خان اچکزئی ملاقات کر رہے ہیں

میڈیکل سٹوڈنٹس کے مطالبات کے حل کیلئے کوشاں ہیں، ترجمان حکومت بلوچستان

پی ایم سی میڈیکل سٹوڈنٹس کے جائز مطالبات کے حل کیلئے فوری اقدامات کرے

بلوچستان حکومت میڈیکل سٹوڈنٹس کے جائز مطالبات کی حمایت کرتی ہے، لیاقت شاہوانی

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ پی ایم سی میڈیکل سٹوڈنٹس کے جائز مطالبات کے حل کیلئے فوری اقدامات کرے بلوچستان حکومت میڈیکل سٹوڈنٹس کے جائز مطالبات کی حمایت کرتی ہے میڈیکل سٹوڈنٹس کے مطالبات کے حل کیلئے کوشاں ہیں ان سے درخواست ہے کہ سٹوڈنٹس احتجاج ختم کریں۔ یہ بات انہوں نے پیر کو اپنے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ میڈیکل انٹری ٹیسٹ میں مبینہ بے ضابطگیوں کیخلاف احتجاج کیا جا رہا ہے اسلام آباد میں 10 روز سے سٹوڈنٹس احتجاج کر رہے ہیں، بلوچستان میں گزشتہ ایک ماہ سے سٹوڈنٹس وقتاً فوقتاً احتجاج کر رہے ہیں کوئٹہ میں بھی میڈیکل سٹوڈنٹس نے احتجاج شروع کر دیا ہے سٹوڈنٹس کے دھرنا سے ٹریفک کے نظام میں تعطل اور شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے،

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

جرمنی میں عمر شریف کی نماز جنازہ ادا، میت ورثا کے حوالے کر دی گئی

عمر شریف عارضہ قلب سمیت گردوں، ذیابیطس اور شوگر کے مرض میں مبتلا تھے

کراچی (این این آئی) دوران علاج یورپی ملک میں انتقال کر جانے والے کامیڈی کے بے تاج بادشاہ عمر شریف کی جرمنی کے شہر نیورنبرگ میں نماز جنازہ ادا کر دی گئی، جس کے بعد میت کو وہاں پاکستانی سفارتی عملے اور ورثا کے حوالے کر دیا گیا۔ عمر شریف کا جسد خاکی دوران جرمنی کے شہر نیورنبرگ کے ہسپتال میں تھا اور وہاں کی مقامی انتظامیہ نے ان کا ڈیتھ سرٹیفکیٹ جاری کیا، جس کے بعد ان کی میت کو پاکستانی سفارت خانے کے عملے اور ورثا کے حوالے کر دیا گیا

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

او پی ڈی بائیکاٹ کا فیصلہ مطالبات کے حل تک برقرار رہے گا، ڈاکٹرز

سرکاری ہسپتالوں کی نجکاری کسی صورت قابل قبول نہیں، صوبے بھر میں او پی ڈی بائیکاٹ کا فیصلہ مطالبات کے حل تک برقرار رہے گا

صوبے کے دو بڑے سرکاری ہسپتالوں میں پچھلے 4 مہینوں سے انجیوگرافی مشین کا ناکارہ ہونا حکومت کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت قرار دیا بیان

کوئٹہ (این این آئی) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے ترجمان ڈاکٹر کلیم اللہ نے اپنے جاری کردہ ایک پریس ریلیز میں بتایا ہے کہ 04 اکتوبر بروز سوموار ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان سنڈیمن پراونشل ہسپتال کوئٹہ کے صوبائی آفس میں ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان صوبائی کابینہ اور وائی ڈی اے بلوچستان سپریم کونسل کا مشترک اجلاس زیر صدارت صوبائی صدر ڈاکٹر احمد عباس بلوچ منعقد ہوا۔ اجلاس میں وائی ڈی اے بلوچستان سپریم کونسل کے چیئرمین اور دیگر سینیئر ممبران نے شرکت کی، نائب صدر ڈاکٹر طاہر موسیٰ خیل، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر مالک کاکڑ، جوائنٹ سیکرٹری ڈاکٹر سمیع اللہ ترین اور دیگر عہدیداران اور ایگزیکٹو ممبران نے شرکت کی، اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، اجلاس میں مختلف موضوع زیر بحث آئے، اجلاس

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

عمران صاحب وہ معاشرہ کبھی کامیاب نہیں ہوتا جہاں آئین اور قانون کی بالادستی نہیں ہوتی، مریم اورنگزیب

وہ معاشرہ کبھی کامیاب نہیں ہوتا جہاں پارلیمان اور میڈیا کی زبان بندی ہو اور آئین کو ردی کا ٹکڑا سمجھا جائے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے وزیر اعظم عمران خان کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران صاحب وہ معاشرہ کبھی کامیاب نہیں ہوتا جہاں آئین اور قانون کی بالادستی نہیں ہوتی، وہ معاشرہ کبھی کامیاب نہیں ہوتا جہاں پارلیمان اور میڈیا کی زبان بندی ہو اور آئین کو ردی کا ٹکڑا سمجھا جائے، وہ معاشرہ بھی کامیاب نہیں ہوتا جہاں ملک کا وزیر اعظم ٹیک نیوز کی انڈسٹری چلاتا ہو اور اپنے مافیا کی خود سرپرستی کرتا ہو۔

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

گوادر، جیونی، پسنی اور پنجگور میں بارش اور طوفانی ہواؤں سے متاثرہ کھمبوں کی مرمت و بحالی کا کام جاری ہے، کیسکو

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان نے کہا ہے کہ مکران میں شدید طوفانی بارشوں اور آندھی کے باعث گرنے والے کھمبوں کی مرمت و بحالی کا کام ہنگامی بنیاد پر جاری ہے۔ کیسکو کے شعبہ کنسٹرکشن (آر ای ڈی) کی ٹیم نے

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

پنڈورا لیکس کے انکشاف کے بعد وزیر اعظم اپنے تین وفاقی وزراء و معاونین سمیت مستعفی ہو جائیں، سردار محمد یعقوب خان ناصر

ملک سے غیر قانونی طور پر سرمایہ بیرون ملک منتقل کر کے جائیدادیں بنانے والے ملک اور قوم کے دشمن ہیں ایسے لوگوں کی جائیدادیں ضبط کی جائیں، بیان

لورالائی (این این آئی) پی ڈی ایم کے رہنما و مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر نائب صدر سابق وفاقی وزیر سردار محمد یعقوب خان ناصر نے کہا ہے کہ پنڈورا لیکس کے انکشاف کے بعد وزیر اعظم اپنے تین وفاقی وزراء و معاونین سمیت مستعفی ہو جائیں، ملک سے غیر قانونی طور پر پیسے باہر کے ممالک منتقل کرنے والوں کو ملک کے اہم ترین سرکاری عہدوں پر براجمان رہنے کا کوئی قانونی و آئینی حق حاصل نہیں ہے۔ یہ بات انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

ضلع نصیر آباد گوٹھ میر حسن میں غلطی سے زرعی زہر پینے والا لڑکا بے ہوش ہو گیا

چھتر (آن لائن) ضلع نصیر آباد گوٹھ میر حسن میں غلطی سے زرعی زہر پینے والا لڑکا بے ہوش ہو گیا، تفصیلات کے مطابق نور ان خان ولد میہاں قوم کھوسہ نے گھر میں رکھے زرعی زہریلی دوائی کو غلطی سے پی لیا جسے فوری سول ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی کے جایا گیا

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

عوام پر مہنگائی، بجلی، گیس، پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے کی مسلسل بجلیاں گرائی جا رہی ہیں، شہباز شریف

حکومت قوم کی حالت پر رحم کھائے، یہ ظالمانہ اقدامات فوری واپس لئے جائیں، صدر مسلم لیگ (ن)

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے 1 روپے 72 پیسے فی یونٹ بجلی مہنگی کرنے کو حکومتی کرپشن اور نااہلی کا تازہ ظلم قرار دیتے ہوئے کہا کہ عوام پر مہنگائی، بجلی، گیس، پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے کی مسلسل بجلیاں گرائی جا رہی ہیں، موجودہ حکومت مہنگائی، کرپشن، نااہلی کی آسمانی بجلی بن کر قوم پر گری ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ تین سال سے زائد عرصے میں حکمرانوں نے عوام کو صرف مہنگائی در مہنگائی دی ہے۔ پالیسی ریٹ سے لے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

کراچی: وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

جام کمال عوام کے مسائل حل کرنے میں ناکام ہو چکے ہیں، ملک سکندر

پولیس کی موجودگی میں مسلح غنڈے مظاہرین پر فائرنگ کرتے ہوئے قانون کی دھجیاں اڑا رہے ہیں

جام کمال کی لولی لنگڑی حکومت میں عوام خوف کے سائے تلے زندگی گزار رہے ہیں، قائد حزب اختلاف

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ جام کمال کی لولی لنگڑی حکومت میں عوام خوف کے سائے تلے زندگی گزار رہے ہیں، پولیس کی موجودگی میں مسلح غنڈے مظاہرین پر فائرنگ کرتے ہوئے قانون کی دھجیاں اڑا رہے ہیں، اخلاقی جواز کھونے کے باوجود جام کمال کرسی پر اٹکے ہوئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پاکستان میڈیکل کمیشن کے آن لائن ٹیسٹ کے خلاف میڈیکل طلبا کے احتجاج پر لاٹھی چارج، تشدد پر ردعمل دیتے ہوئے کیا۔ ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا کہ جام بے کمال کی لولی لنگڑی حکومت

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی تنصیبات اور لائنوں پر ضروری مرمتی کاموں کے سلسلے میں 5 اکتوبر کو کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11 کے وی منگلی فیڈر شیخ ماندہ گرڈ کے ایف سی، بحتو، وار یم، ریگی، ہائی لاگر نو حصار، نیو ائیر گ، ستار، وئی فیڈروں سے صبح 11 بجے سے

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو سے رکن پنجاب اسمبلی سردار غضنفر علی لنگاہ ملاقات کر رہے ہیں

www.dailyshal.com
روزنامہ شال کوئٹہ Daily SHAL

اداریہ EDITORIAL

لکھنے کے خواہشمند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

05 اکتوبر 2021ء

عوام کی تکلیف کا احسان ہے

وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ہمیں معلوم ہے مہنگائی کی وجہ سے لوگ تکلیف میں ہیں، حکومت اپنی پوری کوشش کررہی ہے ہمارے نچلے طبقے کو ایسے وقت تکلیف نہ ہو جب اشیا مہنگی ہیں، قرضوں اور مختلف مالی خساروں کے باوجود ہم نے اپنی طرف سے کم سے کم اثرات نچلے طبقے پر منتقل کیے ہیں، پیٹرول پر سیلز ٹیکس اور لیوی نیچے لے آئے ہیں، بھارت میں اس وقت پیٹرول اور ڈیزل کی قیمت پاکستان سے دگنی ہے ہمارا نظام اشرافیہ کے لیے ہے، قرضے امیروں کے لیے، گھر امیر بناتے ہیں، تعلیم امیروں کے لیے انصاف کا نظام پیسے والوں کے لیے غریب کو انصاف ہی نہیں مل سکتا، جب تک بنیادی طور پر ہماری سوچ تبدیل نہیں ہوگی معاشرہ اوپر نہیں جاسکتا۔ پیٹرولیم مصنوعات پر سیلز ٹیکس اور پیٹرولیم لیوی کو نیچے لایا گیا ہے اس لیے سب سے سستی قیمتیں ہماری ہیں، اگر کم نہ کیا جاتا تو ایک سال میں حکومت کو 4 کھرب روپے کا فائدہ تھا حالانکہ بھارت میں ہماری سے دگنی قیمتیں ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ 74 سال قبل بڑی غلطی کی کہ ہم سمجھتے تھے کہ جب ہمارا ملک خوشحال ہوجائے، ہمارے پاس پیسہ آجائے پھر پاکستان کو فلاحی ریاست بنایا جائے۔ یہ سوچ کے پہلے ہمارے پاس پیسہ اکٹھا ہوگا، ملک میں سرپلس ہوگا تو ہم غریبوں پر لگائیں گے، یہ غلط فیصلے تھے۔ میں ریاست مدینہ کی اس لیے بات کرتا ہوں کیوں کہ وہ دنیا کی تاریخ کا سب سے کامیاب ماڈل تھا اس کے نتائج تاریخ کا حصہ ہیں۔

ہم ڈرتے ورتے کسی سے نہیں

پروفیسر رفعت مظہر

ہمیں فخر ہے کہ ہمارے رہنما ڈرتے ورتے کسی سے نہیں اور جب بھی موقع ملا وہ ڈٹ کر کھڑے ہوگئے، یہ الگ بات کہ ہمارے اپنے ہی "کھلے"...

انہوں نے جب سے کاروبارِ حکومت سنبھالا ہے، اُن کی دبنگ آواز سے اپوزیشن تو ہراساں ہے ہی، امریکہ میں بھی "تھرتھلی" مچی ہوئی ہے۔ ایک...

پاس جاکر اپنی گردن امریکی شکنجے میں کسوا چکے۔ ایسے میں ہم امریکہ کا کیا خاک مقابلہ کریں گے۔ ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ امریکہ کی دوستی اچھی...

کرپشن کے حمام میں

ایم سرور صدیقی

... Takeo Hirata ... (جاری ہے)

امریکی غرور دفن ہوا

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

جن کے کردار سے آتی ہو صداقت کی مہک



احمد حسنی ایک انمول ہیرا

اسد کرد

نیا پنڈورا باکس اور پنجاب اسمبلی

روہیل اکبر

... وفاقی وزیر مونس الٰہی، سینیٹر فیصل واوڈا، وزیر صنعت خسرو بختیار، پنجاب کے سینئر وزیر علیم خان سمیت ...

... انکشافات سامنے آگئیں گے حیرت ہے کہ اس سلسلہ میں اپوزیشن بھی خاموش ہے کیا یہ بھی کسی کا کوئی طریقہ ہے۔

عمر شریف کامیڈی کا ایک باب ختم ہوگیا

عقیل خان

ایک سفر دارالحکومت اسلام آباد کا

روبینہ شاہین

(جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جراک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010 فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450 ای میل isb33@yahoo.com

انتخابات میں بھی میر سکندر خان عمرانی اپنی کارکردگی
وعوام کی طاقت سے دوبارہ کامیاب ہو کر عوام کی
خدمت جاری رکھیں گے ڈیرہ مراد جمالی کی عوام
میر سکندر خان عمرانی کی کارکردگی سے مطمئن ہیں اور
آنے والے انتخابات میں بھی بھاری اکثریت سے
کامیاب ہوں گے۔

محمد آصف ترین کے دورے کو سراہا اور کہا کی ان شاءاللہ
پارٹی تنظیم کی بہتری کے لیے ایسے دورے جاری
رہیں گے۔

شمال بقیہ 57

کہ پاکستان میڈیکل کمیشن شعبہ طب کی تباہی کی بنیاد
ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں میڈیکل کالجز

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer Communication Department District Barkhan invites sealed percentage tender based on composite schedule of rates 2018, Government of Balochistan, from interested contractors / firms for the works listed below: - Earnest Money 2%, Tender fee Rs.3000 for S no1,2 and Rs.2000 for S No.3,4,5,6,7,8 and Time Limit 24 Months for S no1,2 and 12 Months for S no.3,4,5,6,7,8.

S#	Name of Work	Estimated Cost	TSE No.
1	Const: of B/T Road from Remaining portion Haji Juma Khan Wagha Road to Tha Sobzai Road Length 4.30 Km District Barkhan PSDP No.524	66.455 Million.	TS189102
2	Const: of B/T Road From N-70 to Basti Lal Baig Selachi via Malik Ghulam Rasool Hasni Barkhan Length 4.50 Km District Barkhan PSDP No. 677	71.555 Million.	TS189105
3	Const: of B/T Road From N-70 Road to Basti Ismail Shah Rakhani Length 1.5 District Barkhan PSDP No.604	22.335 Million.	TS189103
4	Const: of B/T Road From N-70 to Jamidar Hasni Barkhan Length 1.70 Km District Barkhan PSDP No. 607	29.905 Million.	TS189104
5	Const: of B/T Road From Mastana to Basti Ghulam Muhammad Hussani Lakiii (1.20 Km) District Barkhan PSDP No. 727	18.494 Million.	TS189106
6	Const: of B/T Road From Main Ge Mastana Road to Basti Diiinga & Basti Koja 1.350 Km District Barkhan PSDP No. 788	20.747 Million.	TS189107
7	Const: of B/T Road From Haji Dad Ali Road to Basti Sailani Chowad Baghao Length 1.50 Km District Barkhan PSDP No. 789	22.760 Million.	TS189108
8	Const: of B/T Road From Haji Dad Ali Road to Basti Zarkaan Baghao Length 1.60 Km District Barkhan PSDP No. 791	24.211 Million.	TS189109

The Procurement shall be carried out in accordance with Balochistan Public Procurement Regulatory Authority rules, 2014 amended up-to date. ***ELIGIBILITY:*** The Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant Category C-4 for serial No.1 & 2 and C-6 for serial No.3 to 8 or above in relevant discipline CE01 & CE10 and registration with tax authorities i.e (FBR, BRA and Sales Tax Department), where applicable. Only Original Contractor with Original documents will be eligible or Power of Attorney / Authority letter must be submit on judicial Stamp Paper duly signed by Judicial Magistrate against the particular works otherwise firm will be declared as disqualified. Last Five Years Relevant Work Experience. Turn-over of last three years. The successful bidder will have to give performance guarantee 5% to 10 % of the contract price stated in letter of acceptance on the stage of award. ***METHOD OF PROCUREMENT:*** Single stage – Two Envelope Procedure will be adopted. ***BID SECURITY:*** The bid must accompany bid security in the form of call deposit / Bank Guarantee of amount specified above in the name of the undersigned from a scheduled bank. ***TENDER DOCUMENTS:*** The bidding documents can be obtained from the office of the undersigned upon payment (non-refundable) bidding documents fee mentioned above through green challan deposited in the head of account C-02716 civil work through Govt. Treasury / National Bank of Pakistan and bidding documents can also be downloaded from www.bppra.gob.pk under TSE No. given above against each scheme. ***ISSUANCE OF TENDER DOCUMENTS:*** The tender documents will be issued from the date of publication of this NIT till date of submission i.e. ***18/10/2021*** during office hours. ***DEADLINE OF BID SUBMISSION:*** The technical and financial proposals from intending contractors / firms sealed in two separate envelops clearly marked with work title and type of proposal must be submitted latest by ***18/10/2021*** at 12:00 P.M at the office of the undersigned. As per BPPRA rule 25 sub-rule (3) only one bid can be submitted against one NTN. ***TENDER OPENNING:*** The Envelope containing technical bids will be opened on the same day i.e ***18/10/2021*** at 01:00 PM in the office of the undersigned before procurement committee in the presence of contractors. Second envelope containing financial bids of technically qualified bidders will be opened later the date and time of which will communicated after evaluation of technical bids. ***PLACE OF ISSUANCE AND SUBMISSION WILL BE:*** -Address: Office of the Executive Engineer Communication Department District Barkhan. Telephone No. 0829-668503. E-mail Address: secretarycwbalochistan@gmail.com. ***BID VALIDITY PERIOD:*** Ninety (90) Days. An NTN / Firm can participate on only one Tender.

PRQ NO.1077/04.10.2021

Executive Engineer
Communication Department
District Barkhan

Daily SHAL Quetta
4
05 اکتوبر 2021ء
شال

ودھ نامعلوم افراد کی فائرنگ قبائلی رہنما شیر محمد مینگل جاں بحق

ہڑتال کی وجہ سے قومی شاہراہ کے دونوں اطراف سفر کرنے والے ہزاروں مسافر رول جبکہ روڈ کے دونوں اطراف گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں

نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سوار نے انہیں گھر کے سامنے فائرنگ کا نشانہ بنایا فائرنگ کی وجہ قبائلی رہنما شدید ہوئے اور شدید زخمی حالت میں انہیں وڈھ ہسپتال منتقل کیا گیا

وڈھ (این این آئی) وڈھ نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سوار افراد کی فائرنگ سے قبائلی رہنما ڈاکٹر شیر محمد مینگل جاں بحق واقعے کے خلاف شیخ مینگل قبیلے کی طرف سے قومی شاہراہ کو وڈھ کے مقام سے احتجاجاً بند کیا گیا ڈپٹی کمشنر خضدار سے مذاکرات کے بعد احتجاج ختم تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز الصبح قبائلی رہنما ڈاکٹر شیر محمد مینگل اپنے گھر سے وڈھ بازار جا رہے تھے کہ نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سوار نے انہیں گھر کے سامنے فائرنگ کا نشانہ بنایا فائرنگ کی وجہ قبائلی رہنما شدید ہوئے اور شدید زخمی حالت میں انہیں وڈھ ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ جانبر نہیں ہو سکے واقعہ کے بعد اقوام شیخ مینگل قبیلے کی طرف سے قومی شاہراہ کو احتجاجاً کئی گھنٹوں تک بند کیا گیا ہڑتال کی وجہ سے قومی شاہراہ کے دونوں اطراف سفر کرنے والے بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے ڈپٹی کمشنر پشین شبیر احمد مینگل ملاقات کر رہے ہیں

مولانا عبدالغفور حیدری: لوٹوں کے بغیر اسمبلی اور ملک نہیں چل سکتا

چوروں کے خلاف کاروائی کرونگا لیکن خود انکے اندر سے چوری ثابت ہو گئی ہے

کوئی آف شور کمپنی کے ذریعے ٹیکس چوری کرتا ہے کوئی آٹا چوری کرتا ہے کوئی چینی چوری کرتا ہے، سینیٹر

قلات (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ یہ ملک بہتی چوروں کے لئے ہے کوئی آف شور کمپنی کے ذریعے ٹیکس چوری کرتا ہے کوئی آٹا چوری کرتا ہے کوئی چینی چوری کرتا ہے کوئی پراپرٹی چوری کرتا ملک کے اقتدار پر چوروں کا قبضہ ہے جن کا سربراہ عمران خان ہے عمران نیازی روز ڈھنڈورا پیٹتا ہے کہ چوروں کے خلاف کاروائی کرونگا لیکن خود انکے اندر سے چوری ثابت ہو گئی ہے حکومتی عہدیدار ٹیکس چور آٹا چور چینی چور ہے جب حکومت ہی چور ہو تو عام آدمی سے کیا گلہ موجودہ حکومت کی نااہلیت اقربا پروری ثابت ہو گئی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ شاہ ولی اللہ قلات میں ختم نبوت کانفرنس اور دستار فضیلت سے خطاب اور میڈیا سے خطاب کرتے بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی اور ڈی جی پی آر شہزادہ فرحت احمد زئی یوٹیوبرز اور وی لوگرز سے انٹرایکٹو سیشن کے دوران اظہار خیال کر رہے ہیں

موجودہ نااہل اور سلیکٹڈ حکمرانوں نے ملک میں مہنگائی کے سابقہ تمام ریکارڈ توڑ دیے ہیں، نورالدین کاکڑ

ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہیں اور ڈالر 170 روپے سے اوپر جا چکا ہے بیان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ کی زیر صدارت پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن، ضلع کوئٹہ اور دیگر کے عہدیداروں کا ایک مشترکہ اجلاس کوئٹہ سٹی کے دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں کوئٹہ ڈویژن کے صوبیدار جنگ، ضلع کوئٹہ کے صدر میر نصیب اللہ شاہوانی صدر ضلع کوئٹہ، جنرل سیکرٹری ملک ولی محمد ورڈگ، ڈویژن کے سیکرٹری اطلاعات صوبیدار جنگ، سپورٹس ونگ کے صدر شہزادہ کاکڑ، پیپلز لیبر بیورو کے صدر شاہجہان بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

ماشکیل میں فائر بریگیڈ نہ ہونا نمائندوں کی نااہلی ہے۔ میر احسان الہی ریکی

گزشتہ دن کی آتشزدگی، فائر بریگیڈ نہ ہونے کی وجہ سے بڑا حادثہ ہو سکتا ہے۔ بیان

واشک (نامہ نگار) سیاسی رہنما میر احسان الہی ریکی نے گزشتہ دنوں ماشکیل بازار میں آتشزدگی کے واقعہ پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہر بار واقعات ہوتے ہیں اور ہم صرف مذمتی یا افسوسی بیان جاری کر کے پھر اگلے واقعہ کا انتظار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماشکیل جیسے بڑی آبادی میں ایک فائر بریگیڈ کا نہ ہونا موجودہ نمائندوں کی نااہلی ہے، اب اس وقت کہ جب خود کو فرزند ماشکیل بولنے والے ایم پی اے و ایم این اے کے سیٹ پہ موجود ہیں اور ماشکیل کی یہ بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

طلباء کمرے نہ ہونے کے باعث کھلے آسمان تلے بیٹھ کر تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں، سعادت خان محمد حسنی

آج اکیسویں صدی میں بھی گورنمنٹ مڈل اسکول اور گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول کلی لعل آباد محمد حسنی تمام بنیادی سہولیات سے محروم ہے بیان

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے کلی لعل آباد محمد حسنی کے رہائشیوں سعادت خان محمد حسنی، عبدالسلام محمد حسنی، محمد ابراہیم، عبدالعلیم محمد حسنی، عبدالرزاق محمد حسنی، معاویہ محمد حسنی نے کہا ہے کہ آج اکیسویں صدی میں بھی گورنمنٹ مڈل اسکول اور گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول کلی لعل آباد محمد حسنی تمام بنیادی سہولیات سے محروم ہے طلباء کمرے نہ ہونے کے باعث کھلے آسمان تلے بیٹھ کر تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں، صوبائی وزیر تعلیم فوری طور پر گورنمنٹ مڈل بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر ہمارے معاشرے کا وہ طبقہ ہیں جو صحت مند معاشرہ کی تشکیل دینے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، فضل رحمانی

قلات فری میڈیکل کیمپ اور سینکڑوں مریضوں کا مفت طبی معائنہ کرنے پر ایم ایس ڈاکٹر علی اکبر کی خدمات قابل تعریف ہے بیان

قلات (نامہ نگار) جمعیت طلباء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی صدر فضل الرحمن رحمانی ... بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

اسپیکر و ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی کا یوم اساتذہ پر اساتذہ کو سلام، انکی خدمات کو خراج تحسین

معاشرے کی تعمیر و ترقی میں اساتذہ کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر اور ڈپٹی اسپیکر قاسم خان سوری نے کہا ہے کہ معاشرے کی تعمیر و ترقی کے لیے اساتذہ کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ ... 5 اکتوبر کو پوری دنیا میں ادب و احترام کے ساتھ منایا جاتا ہے۔

وزیر اعلی خیبر پختونخوا کی شمالی وزیرستان میں سیکورٹی فورسز کی چوکی پر دہشتگرد حملے کی شدید مذمت

پشاور (این این آئی) وزیر اعلی خیبر پختونخوا محمود خان نے شمالی وزیرستان میں سیکورٹی فورسز کی چوکی پر دہشتگرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے واقعے میں ایک سیکورٹی اہلکار کی شہادت پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ یہاں سے جاری بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

کوئٹہ شہر میں پانی کی قلت دن بدن بڑھتی جا رہی ہیں، رحیم آغا

ٹیوب ویلوں کی معمولی تکنیکی خرابی کو دور کرنے میں ہفتہ لگ جاتا ہے جو کہ پبلک ہیلتھ ڈائریکٹ کی غفلت اور لاپرواہی ہے بیان

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) کے صدر رحیم آغا ... بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

خزانہ آفیسر اجمل مگسی بشیر احمد سے میر یوسف عزیز مگسی پریس کلب گنداواہ کے عہدیداران کی ملاقات

گنداواہ (این این آئی) خزانہ آفیسر اجمل مگسی بشیر احمد سے میر یوسف عزیز مگسی پریس کلب گنداواہ کے عہدیداران نے ملاقات کی۔ ... بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

کار خیر رضا الہی۔ قرآن پاک ہدیہ کرکے پہنچانا ہمارا ذمہ جزاک اللہ

نوتھے کے مختلف علاقوں کی پرزور اپیل پر مختلف مساجد و مدارس میں قرآن پاک کے نسخے پہنچانے کا سلسلہ جاری

خضدار (نامہ نگار) ... بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

کوہلو جیتنے کا جذبہ لئے پروگرام میں بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کا اظہار

کوہلو (نامہ نگار) ... بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

بوائز ڈگری کالج میدان میں جماعت اسلامی شعبہ فہم دین کے زیر اہتمام آٹھ روزہ قرآن وسنت کلاس

انسان کے اندر جب اللہ کا ڈر پیدا ہو جاتا ہے تو اس کی زندگی میں ایک عظیم انقلاب آجاتا ہے، شیخ الحدیث مولانا گل عارف

ژوب (این این آئی) شیخ الحدیث مولانا گل عارف نے کہا ہے کہ انسان کے اندر جب اللہ کا ڈر پیدا ہو جاتا ہے تو اس کی زندگی میں ایک عظیم انقلاب آجاتا ہے ... بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

کوہلو بیشتر سرکاری سکولوں میں غیر فعال اساتذہ سکولوں کے بجائے اپنے کاروبار میں مصروف بچوں کا مستقبل داؤ پر

کوہلو (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کوہلو میں ... بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

عبداللہ شاہ غازی مزار کے احاطہ میں عمر شریف کی قبر کیلئے جگہ کا تعین کر لیا گیا

عمر شریف کی میت پاکستان پہنچنے پر نماز جنازہ مولانا بشیر فاروقی پڑھائیں گے، جواد شریف

کراچی (این این آئی) معروف کامیڈین عمر شریف کے بیٹے جواد شریف نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عبداللہ شاہ غازی مزار کے احاطہ میں قبر کیلئے جگہ کا تعین کر لیا گیا ہے۔ ... تفصیلات کے مطابق

کوئٹہ: نیشنل کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر کی ہدایات پر گورنمنٹ گرلز کالج کوئٹہ کینٹ کی طالبات کو کورونا ویکسین لگائی جا رہی ہے

حکومت روڈز سیکٹر کے ذریعے عوام کو سفری سہولیات فراہم کرنے کے لئے دن رات کوشاں ہیں، جہانگیر کھوسہ

مانجھی پور (نامہ نگار) ... بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

ایف بی آر چیئرمین ان لینڈ ریونیو کوئٹہ میں ایڈیشنل کمشنر کی پوسٹ پر متعلقہ آفیسر کی تعیناتی عمل میں لائے، ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے حکام سے مطالبہ کیا ہے ... بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر مالک بلوچ: عوامی کلچر ہر سیاسی کارکن کا بنیادی تربیت کا حصہ ہے

نیشنل پارٹی اپنی تنظیمی ساخت، اجتماعی قیادت، فیصلے اور اندرونی جمہوریت کی بنا پر ملک میں انفرادیت رکھتی ہے

ہر وہ بندہ جو نیشنل پارٹی کے اغراض و مقاصد پر متفق ہو وہ بلا تفریق رنگ و مذہب پارٹی کا حصہ بن سکتا ہے، سابق وزیر اعلی بلوچستان

سبی (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر و سابق وزیر اعلی بلوچستان ڈاکٹر مالک بلوچ ... بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

پنڈورا لیکس حکومت مزید قوم پر مسلط ہونے کا جواز پہلے ہی دن سے کھو چکی ہے، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ

کرپشن کے بے تاج بادشاہ احتساب کی بات کرتے ہیں، اب قوم کو ان کے ڈراموں پر یقین نہیں

فوری طور پر مستعفی ہو کر نئے شفاف انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنایا جائے، مولانا عبدالرحمن رفیق و دیگر کا مشترکہ بیان

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ ... بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں کورونا وائرس کے 10 نئے کیسز رپورٹ

کورونا وائرس کے 5 مریض ہسپتالوں میں زیر علاج ہیں جن میں 4 کو ہائی آکسیجن فلو پر رکھا گیا ہے

بلوچستان کے 5 اضلاع سے کورونا وائرس کے 10 نئے کیسز رپورٹ ہونے کے بعد اب تک مجموعی طور پر متاثرہ افراد کی تعداد 32020 ہو گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے 10 نئے کیسز رپورٹ ہونے کے بعد متاثرہ افراد کی تعداد 32020 ہو گئی ہے۔ ... بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، بولان میڈیکل کمپلیکس کے ایم ایس ڈاکٹر نور اللہ موسیٰ خیل ہسپتال میں روزانہ کی بنیاد پر صفائی کا خیال اور ہسپتال کے مختلف وارڈوں کا دورہ کر رہے ہیں

پاکستان تحریک انصاف کے ترجمان محمد آصف ترین اور دیگر نے قلعہ عبداللہ کا دورہ کیا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے ترجمان محمد آصف ترین اور دیگر نے قلعہ عبداللہ کا دورہ کیا ... بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

ضم اضلاع کی تیز رفتار ترقی حکومت کی ترجیحات کا اہم حصہ ہے، محمود خان

موجودہ حکومت اس مقصد کے لئے ایک جامع حکمت عملی کے تحت اقدامات اٹھا رہی ہے، وزیر اعلی خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) وزیر اعلی خیبر پختونخوا محمود خان نے کہا ہے کہ ضم اضلاع کی تیز رفتار ترقی ان کی حکومت کی ترجیحات کا اہم حصہ ہے اور موجودہ حکومت اس مقصد کے لئے ایک جامع حکمت عملی کے تحت اقدامات اٹھا رہی ہے۔ ...

نوید احمد شیخ کو عہدے سے ہٹا دیا گیا، محمد اقبال میمن نئے کمشنر کراچی تعینات

اعجاز حسین بلوچ کا عہدے سے تبادلہ کر کے اس کی جگہ پر عبدالرشید احمد سولنگی کو نیا سیکرٹری اطلاعات مقرر کر دیا گیا

کراچی (این این آئی) حکومت سندھ نے کمشنر کراچی نوید احمد شیخ کو عہدے سے ہٹا دیا ... تفصیلات کے مطابق سندھ کی بیوروکریسی میں بڑے پیمانے پر تبادلے اور تقرریاں کی گئی ہیں۔

صوبائی مشیر میر سکندر خان عمرانی نے اپنے تین سالہ دور میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے، گجر ایسوسی ایشن

بابا کوٹ (نامہ نگار) ... بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

کابل دھماکہ، کئی افراد کو حراست میں لے لیا گیا ہے، تفصیلات شیئر کی جائیں گی، افغان وزارت داخلہ

کابل میں داعش کے خلاف کارروائیوں میں گروپ کے 11 اراکین گرفتار کر لئے گئے ہیں، افغان اہلکار

اسلام آباد (این این آئی) افغان وزارت داخلہ کے ترجمان قاری سعید خوستی نے کہا ہے کہ کابل میں عید گاہ مسجد کے قریب دھماکے کے بعد کئی افراد کو حراست میں لے لیا گیا ہے ...

گنداواہ کی تحصیل ٹرانسپورٹ اڈے سے پلاسٹک ڈرم سے ملی لاش والد نے شناخت کر لی

کراچی (این این آئی) کراچی سے افغانستان کے گڈز ٹرانسپورٹ کے ذریعے لاش بھیجنے کے معاملے میں مزید پیش رفت ہوئی ہے ... مقامی قبرستان میں امانتاً دفنا دیا گیا تھا۔

کوئٹہ: نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری ... کی ہڑتالی کیمپ میں اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

پنشن، گریجویٹی اور تنخواہ، ریلوے اپنے ملازمین کا 16 ارب روپے کا نادہندہ

تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی کیلئے ساڑھے چھ 6 ارب روپے کا انتظام ہو گیا ہے، ریلوے حکام

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ریلوے اپنے ہی ریٹائرڈ اور حاضر سروس ملازمین کا 16 ارب روپے کا نادہندہ بن گیا۔ ... بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

بی این پی بلوچستان: حکمرانوں نے مہنگائی کے سابقہ تمام ریکارڈ توڑ دیے ہیں

ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہیں اور ڈالر 170 روپے سے اوپر جا چکا ہے

موجودہ نااہل اور سلیکٹڈ حکمرانوں نے ملک میں مہنگائی کے سابقہ تمام ریکارڈ توڑ دیے ہیں، نورالدین کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ کی زیر صدارت ... بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

عمران خان نے ملک کے ہر شعبے کو برباد کرنے کی ٹھانی ہوئی ہے، اسلم غوری

اسلام آباد (این این آئی) جے یو آئی کے ترجمان اسلم غوری نے کہا ہے کہ عمران خان نے ملک کے ہر شعبے کو برباد کرنے کی ٹھانی ہوئی ہے ... بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

جیکب آباد کی تحصیل ٹھل میں نامعلوم مسلح ملزمان نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد کی تحصیل ٹھل میں نامعلوم مسلح ملزمان نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا، ملزمان فرار ... بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

جج کی تعیناتی نہ ہونے کی وجہ سے ٹوکنڈی اور ماشکیل کے عوام کو سخت مشکلات کا سامنا ہے، آل پارٹیز چاغی

ٹوکنڈی، ماشکیل جوڈیشل سول جج کی تعیناتی مستقل بنیادوں پر کر کے لوگوں کو گھر کی دہلیز پر ریلیف دیا جائے، بیان

انجمن اخبار فروشاں کے صدر عبدالغنی سلانی نے 5 اکتوبر کو اخبار مارکیٹ میں اجلاس طلب کر لیا

کوئٹہ (این این آئی) انجمن اخبار فروشاں کے صدر عبدالغنی سلانی نے 5 اکتوبر کو اخبار مارکیٹ میں اجلاس طلب کر لیا ... بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

حکومت بلوچستان فوری ہمسایہ ممالک سے سیب، پیاز، ٹماٹر کی درآمد پر پابندی عائد کرے، ہمراز اور میر سعید جان انگو

پابندی سے بلوچستان کے زمینداروں کو زرعی اجناس کا مناسب معاوضہ مل سکے گا، رہنما جے یو آئی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما سردار زادہ میر سعید جان انگو نے کہا ہے کہ بلوچستان فوری طور پر ہمسایہ ممالک سے سیب، پیاز، ٹماٹر کی درآمد پر پابندی عائد کرے ... بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

صحت سہولت پروگرام حکومت کا ایک انقلابی پروگرام ہے، فیصل سلطان

اب کسی بھی غریب کو اپنے علاج کیلئے دربدر کی ٹھوکریں نہیں کھانا پڑیں گی، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی ڈاکٹر فیصل سلطان نے کہا ہے کہ صحت سہولت پروگرام حکومت کا ایک انقلابی پروگرام ہے، اب کسی بھی غریب کو اپنے علاج کیلئے دربدر کی ٹھوکریں نہیں کھانا پڑیں گی۔ ...

سلیم مانڈوی والا اور دیگر کے خلاف کڈنی ہلز ریفرنس پر سماعت 21 اکتوبر تک ملتوی

نیب نے سلیم مانڈوی والا کی بریت کی درخواست کی مخالفت کر دی، جواب عدالت میں جمع

اسلام آباد (این این آئی) احتساب عدالت نے سلیم مانڈوی والا اور دیگر کے خلاف کڈنی ہلز ریفرنس پر سماعت 21 اکتوبر تک ملتوی کر دی۔ پیر کو کیس کی سماعت احتساب عدالت کے جج محمد بشیر نے کی۔ سلیم مانڈوی والا اور اعجاز ہارون پیش نہ ہوئے، سلیم مانڈوی والا، اعجاز ہارون کی حاضری سے استثنی کی درخواستیں منظور کر لی گئیں۔ سلیم مانڈوی والا کی بریت کی درخواست پر نیب کا جواب جمع کرایا گیا۔ نیب نے سلیم مانڈوی والا کی بریت کی درخواست کی مخالفت کر دی۔ شریک ملزم کی جانب سے مستقل حاضری سے استثنی کی درخواست پر بھی نیب نے جواب جمع کرا دیا گیا۔ نیب پراسیکیوٹر سہیل عارف اور نیب گواہ نثار احمد قمسی عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ جرح کرنی ہے۔

کوئٹہ، جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات ولی خان شاکر جمعیت طلباء عربیہ بلوچستان کے ناظم مولانا داداللہ ناصر سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان غریبوں کی پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر قاسم بلوچ ڈاکٹر سیف اللہ بلوچ شاہنواز بلوچ ابراہیم بنگلزئی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں